# راہوں کے لئے روشنی!

سبق نمبر 2



## دادا جی کے ساتھ بائبل سٹڈی!

مُصنف: پاسٹر شہزاد الیاس

# ناشرین: پاور اِن ورڈ منسٹریز

اپریل 2025

پروف ریڈینگ:**واعِظ شہزاد**

288-A Basti Saiden Shah Wazir

Ali Road Upper Mall Lahore Pakistan

## www.powerinwordministries.com

https://www.youtube.com/@PowerInWordMinistries/videos

https://www.facebook.com/people/POWER-IN-WORD-Ministries/61551665954998/?mibextid=ZbWKwL

## ہمیں بچوں کے لیے ایسی بائبل سٹڈیز کی ضرورت کیوں ہے؟

جب اِنسان کے دِل کی مٹی نرم ہو، تب ہی بیج گہرائی میں اُترتا ہے، جڑ پکڑتا ہے اور پھل لاتا ہے۔ 10 سے 15 سال کی عمر بھی ایسے ہی نرم دِل، کھلے ذہن، اور سیکھنے کی پیاس سے بھری ہوتی ہے۔ یہ وہ وقت ہوتا ہے جب خیالات پہلی بار اپنی شناخت تلاش کرتے ہیں، جب سوال دِل کے دروازے پر دستک دیتے ہیں، اور جب سچائی پہلی بار روشنی بن کر چمکتی ہے۔

یہ عمر نہ تو مکمل بچپن ہے نہ ہی مکمل جوانی، بلکہ ایک پل صِراط ہے۔۔۔ جہاں سوچ پختہ ہونے لگتی ہے، جذبات رنگ پکڑتے ہیں اور دُنیا کی طرف کِشِش بڑھتی ہے۔ اگر اِس عمر میں دِل و دِماغ کو خُدا کے کلام سے رُوشناس نہ کروایا جائے، تو یہ بھٹکنے کے لیے بہت نازک موقع ہوتا ہے۔ ایسی بائبل سٹڈیز بچوں کو زندگی کی بنیاد دیتی ہیں، اِخلاقی سچائیوں سے رُوشناس کراتی ہیں، رُوحانی پہچان عطا کرتی ہیں اور اُنہیں سکھاتی ہیں کہ محبت، سچائی، عاجزی اور معافی کیا ہوتی ہے۔

جب ایک بچہ یسوع کی باتوں کو سمجھنے لگتا ہے، جب وہ اپنے گناہ کا اِدراک حاصل کرتا ہے اور خُدا کے فضل کی خوشبو محسوس کرتا ہے، تب اُس کے اندر ایک ایسی روشنی جنم لیتی ہے جو اُس کی پوری زندگی کا رخ بدل دیتی ہے۔

ہمیں یہ سمجھنا ہوگا کہ شیطان سب سے زیادہ اُسی وقت شکار کرتا ہے جب عقل ناتجربہ کار ہو، اور دِل خُدا کے کلام سے خالی۔ اِسی لیے ضروری ہے کہ ہم بچوں کے دِل میں خُدا کے کلام کا بیج بروقت بوئیں — تاکہ جب وہ بڑے ہوں، تو اُس راہ سے نہ ہٹیں جو خُدا نے اُن کے لیے مقرر کی ہے۔۔۔ امثال 22:6

یہ بائبل سٹڈیز نہ صِرف معلومات دیتی ہیں، بلکہ ایک تعلق قائم کرتی ہیں — خُدا اور اُس کے بچوں کے درمیان۔
یہ صِرف سبق نہیں، زندگی کی تیاری ہے۔
یہ صِرف اِلفاظ نہیں، نجات کا پیغام ہے۔

آئیں، ہم سب مل کر کوشش کریں کہ ہمارے بچے نہ صِرف دُنیا کی روشنی بنیں، بلکہ اُس ازلی نور۔۔۔ یسوع مسیح سے جُڑیں جو راہ، حق اور زندگی ہے۔

# راہوں کے لئے روشنی

"تیرا کلام میرے قدموں کے لیے چراغ اور میری راہ کے لیے روشنی ہے"

زبور 105:119

شام کے سات بجنے والے تھے۔ مناہل اور واعظِ نے اپنے دوستوں کو پہلے ہی یاد دہانی کروا دی تھی کہ آج بائبل کلاس کا دوسرا دِن ہے۔ سب بچے وقت پر آ گئے۔ دادا جی خوشی سے مسکرا رہے تھے۔ بچوں نے نوٹس کیا کہ آج کمرے کی سیٹنگ میں کچھ تبدیلی کی گئی تھی، ایک وائٹ بورڈ کا اضافہ تھا، اور بچوں کے بیٹھنے کے لئے کچھ وافر جگہ بنائی گئی تھی۔

"بچو میں اُمید کرتا ہوں آپ کو کل کی کلاس میں شریک ہو کر اچھا لگا ہو گا۔ اور آج وائٹ بورڈ بھی ہے۔۔ میں چاہوں گا کہ ماریا آپ آج کی مرکزی آیت اِس بورڈ پر تحریر کر دیں۔۔۔ ماریا دادا جی کی بات سُن کر خوش ہو گئی اُس نے مناہل سے مار کر لیا اور بورڈ پر آیت لکھنے لگی۔۔۔ مجھے اچھا لگا کہ آپ لوگوں نے کل کی طرح آج بھی وقت کی پابندی کی، یہی ایک اچھے طالب عِلم کی نِشانی ہے۔ اِس کے لئے آپ شاباش کے مستحق ہیں"۔ دادا جی نے فخریہ اور پُرجوش لہجے میں بچوں کی تعریف کی۔۔۔!

"آج ہم بات کریں گے اُس خزانے کی جس کے بغیر کوئی بھی مسیحی زندگی کامیاب نہیں ہو سکتی۔۔۔ وہ خزانہ ہے خُدا کا کلام۔۔۔!"

دادا جی نے سب بچوں سے کہا کہ وہ اپنی بائبل کھولیں اور زبور 119 کی 105 نمبر آیت تِلاوت کریں گے۔ آیت پڑھنے سے پہلے ہم اپنے سروں کو جھکائیں گے اور سب میرب کے ساتھ مِل کر خُدا سے دُعا مانگیں گے کہ خُدا ہماری مدد کرے کہ ہم اُس کے کلام کو سمجھا سکیں اور لائق طور سے اُسے سمجھ سکیں۔

میرب کی دُعا ختم ہوتے ہی سب نے مِل کر با آواز بلند آمین کہا۔۔۔

"بچو! میں چاہتا ہوں کہ آپ میں سے سبھی بچے اپنی بائبل مُقدس میں سے اِس آیت کو دیکھیں، آپ میں سے کون اِس کی تلاوت کرنا چاہے گا۔۔۔؟" دادا جی نے سوالیہ نظروں سے سب کی طرف دیکھا۔ مناہل نے ہاتھ کھڑا کیا کہ وہ اِس آیت کی تِلاوت کرنا چاہتی ہے۔۔۔ ٹھیک ہے مناہل بیٹی اِس آیت کی تِلاوت کریں گی۔۔۔ مناہل نے بلند آواز سے پڑھنا شروع کیا۔۔۔

"تیرا کلام میرے قدموں کے لیے چراغ اور میری راہ کے لیے روشنی ہے"

"شاباش مناہل خُدا آپ کو برکت دے آپ نے بڑے اچھے انداز سے بڑے واضع تلفظ کے ساتھ آیت کی تِلاوت کی شکریہ۔۔۔" دادا جی نے مناہل کی تعریف کی۔

" بچو! یہ آیت ہمیں بتاتی ہے کہ خُدا کا کلام ایک چراغ کی طرح ہے۔ جیسے اندھیرے میں چلنے کے لیے ہمیں روشنی کی ضرورت ہوتی ہے، ویسے ہی زندگی کے فیصلے کرنے کے لیے ہمیں بائبل مُقدس کی رہنمائی چاہیے۔

فرض کریں آپ ایک اندھیرے کمرے میں چل رہے ہیں، اور آپ ہر جگہ ٹھوکر کھا رہے ہیں، چیزوں سے ٹکرا رہے ہیں۔ لیکن جیسے ہی آپ اپنے ہاتھوں میں موجود ٹارچ جلائیں گے تو سب کچھ صاف دِکھائی دینے لگے گا۔



بائبل ایسی ہی روشنی ہے۔۔۔اِس کے بغیر، اِنسان بار بار گناہ، نفرت، غلط فیصلوں، اور پچھتاوے کی ٹھوکر کھاتا ہے۔ لیکن خُدا کے کلام کی روشنی ہماری راہوں کو روشن کر دیتی

ہے اور ہمیں اپنی زندگی میں سب کچھ واضع نظر آنے لگتا ہے۔۔۔ کیا یہ بات دُرست ہے۔۔۔؟" دادا جی نے سب بچوں سے پوچھا۔۔۔ "جی دادا جی آپ ٹھیک کہہ رہے ہیں۔" بچوں نے جواب دِیا۔

"بچو! آپ لوگوں نے کبھی اِس بات پر غور کیا ہے کہ جب بھی آپ کسی مُشکِل میں گھِر جاتے ہیں تو اکثر خُدا کا کلام آپ کی مدد کرتا ہے کہ اِس صورتِ حال میں کیا کرنا ہے۔۔۔ ایسا اِس لئے ہوتا ہے کہ آپ خُدا کا کلام پڑھتے ہیں اور یوں بوقتِ ضرورت خُدا کا کلام آپ کی مدد کرتا ہے۔

تصور کریں کہ آپ کمرہ اِمتحان میں ہیں۔ پیپر دیکھ کر آپ کو محسوس ہوتا کہ سوالات کافی مُشکِل ہیں شاید آج میرا پیپر اچھا نہ ہو۔۔۔؟ لیکن اُسی وقت جیسے بجلی کوندتی ہے آپ کے ذہن میں کچھ لفظ نمودار ہوتے ہیں میں ہمیشہ تمہارے ساتھ ہوں۔۔۔



یہ خُدا کا وعدہ ہے کہ وہ ہمارے ساتھ ہے وہ مُشکِل اُوقات میں ہماری مدد کرتا ہے۔ اُسی وقت آپ کے اندر ایک جذبہ پیدا ہوتا ہے کہ اگر خُدا میرے ساتھ ہے تو پھر مجھے گھبرانے کی ضرورت نہیں کیونکہ وہ میری مدد کرے گا اور میں کامیاب ہو جاؤں گا۔۔۔ہالیلویاہ۔۔۔؟"سب بچے ہالیلویاہ کہتے ہیں۔

بائبل مُقدس میں ایسی حقیقتیں چھپی ہوئی ہیں جو ہمیں زندگی کے مختلف پہلوؤں سے آگاہ کرتی ہیں۔ جب کبھی ہم خود کو پریشان یا اکیلا محسوس کرتے ہیں، تو بائبل مُقدس ہمیں بتاتی ہے کہ خُدا ہمیشہ ہمارے ساتھ ہے، وہ ہمارا مددگار ہے۔

"مسیح کے کلام کو اپنے دِلوں میں کثرت سے بسنے دو اور کمال دانائی سے آپس میں تعلِیم اور نصِیحت کرو۔۔۔" کُلسیوں 16:3

یہ آیت ہمیں بتاتی ہے کہ بائبل مُقدس خُدا کا کلام ہمارے دِل میں محفوظ ہونا چاہیے تاکہ ہم اُس کی رہنمائی کی روشنی میں اپنی زندگی گزار سکیں۔ میں نے بہت سے لوگوں کو اپنی زندگی میں پریشان حال دیکھا ہے کیونکہ وہ نہیں جانتے کہ وہ اپنی زندگی میں آنے والے معاملات کا سامنا کیسے کریں۔ لیکن خُدا کا شکر ہو کہ ہمارے پاس خُدا کا زندہ کلام موجود ہے جو بولتا ہے اور ہماری رہنمائی کرتا ہے۔

اِس لئے بچو!۔۔۔اِس بات کو اپنے ذہن نشین کر لو کہ دُنیا کی تاریکی میں خُدا کا پاک کلام ہی وہ روشنی ہے جو ہمیں گمراہ ہونے اور نقصان پُہنچنے سے بچا سکتا ہے۔۔۔!

بائبل مقدس خُدا کی آواز ہے، جو ہمارے دِلوں میں گونجتی ہے، ہمارے قدموں کو گناہ سے بچاتی ہے، اور ہمیں خُدا کے قریب لے جاتی ہے۔۔۔تو میری بات مکمل ہوئی اگر آپ میں سے کسی کا کوئی سوال ہو جو آج کے ہمارے اِس موضوع سے متعلق ہو تو پوچھ سکتا ہے۔۔۔؟" دادا جی نے سب بچوں کی طرف دیکھتے ہوئی کہا۔۔۔

میرب نے ہاتھ کھڑا کیا۔۔۔"جی میرب بیٹی کیا سوال ہے آپ کے ذہن میں۔۔۔؟"
"دادا جی! کبھی کبھی بائبل مُقدس کی کچھ باتیں ہمیں مُشکِل لگتی ہیں ہم اُنہیں سمجھ نہیں پاتے ایسی صورت میں ہمیں کیا کرنا چاہیئے۔۔۔؟"
بیٹی میرب، بائبل مُقدس سمندر کی طرح ہے—کچھ باتیں پانی کی سطح پر تیرتی ہوئی بڑی واضع اور نمایاں ہوتی ہیں، جو باآسانی سمجھ میں آجاتی ہیں لیکن کچھ گہرائی میں ہوتی ہیں، جنہیں سمجھ کے لئے وقت لگتا ہے۔۔۔وقت کے ساتھ، دُعا کرنے سے، سمجھ بڑھتی ہے۔جب ہم ایمانداروں کی رفاقت میں ہوتے ہیں تو آہستہ آہستہ ہم

کلامِ مُقدس کو سمجھنے لگتے ہیں۔ لیکن بہت سے لوگ اپنے دِل کی بات کسی سے نہیں کرتے، یہاں تک کہ خُدا سے بھی نہیں اِس لئے وہ خُدا کے کلام میں آگے نہیں بڑھتے سوال کرنا ہمارے ایمان کی کمزوری نہیں، بلکہ اِس بات کی علامت ہے کہ ہم سیکھنا چاہتے ہیں۔ اور خُدا کے کلام کی سچائیوں کو جاننے کی خواہش رکھتے ہیں۔۔۔"

جی دادا جی میں سمجھ گئی میرب نے خوش ہوتے ہوئے کہا۔۔۔
"دادا جی بائبل مُقدس کو روزانہ پڑھنے کے لئے ہم کون سا طریقہ اِستعمال کر سکتے ہیں کہ وہ ہمیں سمجھ آئے؟"۔۔۔ نوریز نے سوال پوچھا۔۔۔
بہت اچھا سوال ہے اکثر لوگوں کے ذہن میں ایسے سوالات ضرور آتے ہیں۔ مناسب تو یہ ہے کے کلام مُقدس کو پڑھنے کا ایک وقت مقرر کیا جائے۔ لیکن اگر کبھی مقررہ وقت پر ہم کسی کام میں اُلجھ جائیں تو ہمیں کسی اور وقت میں کلامِ مُقدس کو پڑھ لینا چاہیئے ایسا کرنے سے ہمارا ناغہ نہیں ہو گا۔۔۔ بائبل مُقدس کو ترتیب کے ساتھ پڑھنا دُرست طریقہ ہے۔۔۔ یعنی کہیں سے بھی بائبل مُقدس کو پڑھنا شروع کر دینا مناسب طریقہ نہیں۔۔۔ جو لوگ پہلی دفعہ کلامِ خُدا کو پڑھنے کا منصوبہ بنا رہے ہیں اُنہیں نئے عہد نامے سے آغاز کرنا چاہیئے تا کہ وہ مسیح خُداوند کی باتوں کو براہ راست پڑھ کر برکت کو حاصل کر سکیں۔ متی، مرقس، لوقا اور یوحنا رُسول کی معرفت اناجیل کو پڑھیں یوں جب وہ خُدا

کے کلام کو پڑھنے کے عادی ہو جائیں تو ترتیب وار ساری کُتب کو آہستہ آہستہ بڑھتے چلے جائیں۔ کم از کم دو ابواب کا مطالعہ تو کرنا چاہیئے۔۔۔اور کوشش کر کے ایک آیت کو زبانی یاد کر لیں تو کمال کی بات ہو جائے گی۔۔۔ ہر روز خُدا کے کلام کے ساتھ وقت گزارنے سے خُدا کا کلام سمجھ آنے لگتا ہے۔ پھر بھی جو بات سمجھ نہ آئے، کسی بڑے سے پوچھ لیں یا لکھ کر رکھ لیں تا کہ اُس کے مطلب کو کسی سے پوچھ کر اپنے سوال کا جواب حاصل کر سکیں۔ ایسا کرنے سے آپ خُدا کے کلام کے اچھے واقف کار اور دوست بن جائیں گے۔ "کیا آپ کو اپنے سوال کا جواب مِل گیا یا اِس کی اور وضاحت کی جائے۔۔۔؟جی بِلُکل مجھے سمجھ آگئی ہے میں اب اِسی طریقے کو اپناؤں گا۔۔۔ آپ کا بہت شکریہ دادا جی"۔۔۔نوریز نے خوشی سے کہا۔۔۔ آپ سب کا بھی بہت شکریہ آپ لوگوں کے لئے میں نے آج کے موضوع سے متعلق کچھ نوٹس بنائے ہیں۔ آپ سب اُن کی کاپیز اپنے ساتھ لے کر جائیں تا کہ آپ گھر جا کر بھی اِسے پڑھ سکیں۔

دادا جی سے پیپرز لے کر واعظِ نے سب بچوں میں تقسیم کر دیئے۔ میں چاہتا ہوں کہ آپ اپنے ہاتھ سے اِس پر آج کی تاریخ لکھ لیں۔۔۔اور اِسے اپنے پاس کسی فائل میں محفوظ کر لیں تا کہ آپ کو یاد رہے کہ ہم نے کسی تاریخ کو کیا سیکھا تھا۔ میں چاہتا ہوں کہ ہم واعظ کے ساتھ مِل کر اِختتامی دُعا کریں۔

واعظ کی دُعا کے بعد سب نے آمین کہا دادا جی نے کلماتِ برکت سے سب کو رُخصت کیا۔

# سوالات

---

زبور 105:119 میں خُدا کے کلام کو کس چیز سے تشبیہ دی گئی ہے؟

دادا جی نے بائبل مُقدس کو کس "خزانے" سے تشبیہ دی؟

کمرے میں آج کیا نئی چیز شامل کی گئی تھی جس نے بچوں کو خوش کر دیا؟

دادا جی نے کس بچی سے کہا کہ وہ آج کی مرکزی آیت بورڈ پر لکھے؟

مناہل نے کون سی آیت تلاوت کی؟

دادا جی نے اندھیرے کمرے اور ٹارچ کی مثال دے کر کس بات کو سمجھایا؟

اگر ہمیں بائبل کی کچھ باتیں مشکل لگیں تو کیا کرنا چاہیے؟

روزانہ بائبل پڑھنے کا بہترین طریقہ کیا بتایا گیا؟

کیا سوال کرنا ایمان کی کمزوری ہے؟

کلامِ خُدا کے بغیر انسان کس قسم کی ٹھوکر کھاتا ہے؟



پادری شہزاد الیاس پاور اِن ورڈ منسٹریز میں پاسبانی خدمت سرانجام دے رہے ہیں۔
اُن کی اہلیہ آفیہ شہزاد اور بیٹا واعظ شہزاد بھی خدمت گزاری کے کام میں اُن کے ساتھ پیش پیش ہیں۔
آپ سے درخواست ہے ہماری چرچ ٹیم کو اپنی دُعاؤں میں یاد رکھیں
تاکہ خُدا کے کلام کی خِدمت خُدا کی مرضی کے مطابق سرانجام دے سکیں۔
اگر آپ کو یہ تحریر پسند آئی ہے تو آپ اِس تحریر کو ڈاؤن لوڈ کر کے اپنی کلیسیا کے اراکین، اپنے بہن بھائیوں اور اپنے دوست احباب کے ساتھ ضرور شیئر کریں خدا آپ کو برکت دے شکریہ۔